عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ

نوٹس برائے چھبیسواں سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ (کمپنی) کے حصص یافتگان کا چھبیسواں (26) سالانہ اجلاس عام بروز بدھ 28 اکتوبر 2020 کو شام 5:15 بجے پی ایس ایکس آڈیٹوریم، اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

عمومی امور

1. سالانہ اجلاس عام منعقدہ 27 نومبر 2019ء کی کارروائی کی توثیق۔
2. کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے اختتامی سال 30 جون 2020 اور ان پر آڈیٹرز مع ڈائریکٹرز کی رپورٹ کے ساتھ کمپنی کے آڈٹ شدہ مجموعی مالیاتی گوشوارے اور ان پر آڈیٹرز رپورٹ برائے اختتامی سال 30 جون 2020 کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔
3. 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کی بطور بیرونی آڈیٹرز دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔
4. 30 جون 2020ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز سفارشات کے مطابق 1.5 روپے فی حصص یعنی پندرہ (15) فیصد کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ پر غور وخوض اور منظوری۔

خصوصی امور

5. کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنانا کہ وہ مالیاتی سال 30 جون 2021 کے دوران ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے اُن سَودوں (اگر واقع ہوں) کی منظوری دیں جس کے لئے کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری درکار ہوگی اس کے لئے مندرجہ ذیل قرارداد یں ترمیم یا بلاترمیم منظور کی جائیں گی:

قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مجاز بنایا جاتا ہے کہ مالیاتی سال 30 جون 2021 کے دوران ملحقہ پارٹیوں کے ساتھ کئے جانے والے سودوں کو انفرادی طور پر منظور کرنا۔

مزید قرار پایا کہ سودوں کی ڈائریکٹرز سے منظوری کو (اگر واقع ہوں) کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/اور 208 کے تحت حصص یافتگان کی منظوری تصور کیا جائے گا اور (اگر ضروری ہوا) تو انہیں کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 207 یا/اور 208 کے تحت اگلے سالانہ اجلاس عام میں باضابطہ توثیق/منظوری کے لئے حصص یافتگان کے روبرو پیش کیا جائے گا۔

6. مندرجہ ذیل خصوصی قراردادوں پر غور وخوض اور موزوں پانے پر ترمیم یا بلاترمیم پاس کرنا:

ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری

قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز مجریہ 2017ء کے تحت ایسوسی ایٹڈ کمپنیز اور ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز میں دفعہ 134(3) کے تحت گوشوارہ کے جزو-B میں درج شرائط و ضوابط کے مطابق اگلے سالانہ اجلاس عام تک سرمایہ کاری/مزید سرمایہ کاری کی مندرجہ ذیل حد کی منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2017 کے ملحقہ کمپنیوں اور ملحقہ اداروں میں مندرجہ ذیل ایکویٹی سرمایہ کاریوں کی تجدید کی رضامندی اور منظوری دی جاتی ہے جنہیں دفعہ 134(3) کے تحت گوشوارہ کے جزو-C پر موجود بیانیہ میں بتایا گیا ہے جن کی غیر استعمال شدہ رقم کی حد تک کی منظوری گزشتہ سالانہ عام اجلاسوں میں لے لی گئی تھی اور جس کی مدت اگلے سالانہ اجلاس عام تک ہوگی، اس میں اگلے عام اجلاسوں میں مزید مدتوں تک تجدید ہو سکے گی۔

مزید قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسٹمنٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز 2017 کے تحت ملحقہ کمپنیوں اور ملحقہ اداروں میں مندرجہ ذیل منظور شدہ قرضوں/ پیشگیوں/گارنٹیوں کی حدود میں تجدید کی رضامندی اور منظوری دی جاتی ہے جنہیں تفصیلی طور پر دفعہ 134(3) کے تحت گوشوارہ کے جزو-C پر موجود بیانیہ میں بتایا گیا ہے، تاہم حد کی منظوری چاہے وہ قرضہ یا جاری سرمائے یا گارنٹی کی صورت میں ہو، اس کی مدت اگلے سالانہ اجلاس عام تک ہوگی ماسوائے اگر گزشتہ منظوری مزید مدت کی ہو، اور اس میں اگلے سالانہ عام اجلاسوں میں مزید مدتوں تک تجدید ہو سکے گی۔

.....رقم (ملین میں).....

نمبر شمار	ملحقہ کمپنیوں اور ملحقہ اداروں کا نام	مجوزہ نئی سرمایہ کاری		تجدید کی درخواست	
		ایکویٹی	قرضہ/پیشگی/گارنٹی	ایکویٹی کا غیر استعمال شدہ حصہ	مختص کردہ قرضہ/پیشگی/گارنٹی
		روپے	روپے	روپے	روپے/ڈالر
1	جاویداں کارپوریشن لمیٹڈ	-	-	681	2,432روپے
2	عارف حبیب لمیٹڈ	-	-	490	4,500روپے
3	ایم سی بی عارف حبیب سیوونگز اینڈ انویسٹمنٹس لمیٹڈ	-	-	399	-
4	پاک عرب فرٹیلائیزر لمیٹڈ	-	-	1,000	1,000روپے
5	فاطمہ فرٹیلائیزر کمپنی لمیٹڈ	-	-	1,800	1,000روپے
6	روٹو کاسٹ انجینئرنگ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ	-	300	300	200روپے
7	عارف حبیب ڈولمین ریٹ مینجمنٹ لمیٹڈ	-	-	1,000	500روپے
8	عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ	-	-	510	8,250روپے+80امریکی ڈالر
9	پاور سیمنٹ لمیٹڈ	-	-	743	1500روپے+49امریکی ڈالر
10	سچل انرجی ڈیولپمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ	-	-	754	1,000روپے+100امریکی ڈالر
11	سیف مکس کنکریٹ لمیٹڈ	-	-	150	150روپے
12	ڈولمین سٹی ریٹ	-	-	799	-
13	نیشنل رسیورسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ	-	-	150	-

مزید قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسمینٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز مجریہ 2017 کے تحت ایک ایسوسی ایٹڈ کمپنی عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ کو 163.4 ملین روپے کے واجب الادا طویل المدتی قرضہ کی ادائیگی کی مدت میں جنوری 2024 سے جنوری 2025 تک ایک سال کی توسیع کی جاتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 199 اور کمپنیز (انویسمینٹ ان ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈرٹیکنگز) ریگولیشنز مجریہ 2017 کے تحت موجود منظور شدہ مختص طویل المدتی قرضوں اور جاری سرمایہ/ پیشگیوں کی حد کو یکجا کیا جاتا ہے تاکہ کمپنی مجموعی حد کو اپنی مرضی سے طویل المدتی قرضوں یا جاری سرمایہ/ پیشگیوں کی ادائیگی میں بروئے کار لائے؛ البتہ کسی بھی منظور شدہ نوعیت کی سرمایہ کاری، مجموعی منظور شدہ سرمایہ کاری کی حد سے تجاوز نہیں کرے گی۔ اس کے علاوہ منظور شدہ حد کا وہ جز اگلے سالانہ اجلاس عام میں قابل تجدید نہیں ہوگا جو طویل المدتی قرضوں کی مد میں استعمال کیا گیا ہو۔

مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹیو اور/یا کسی دو ڈائریکٹرز کو مشترکہ طور پر یا کسی ایک ڈائریکٹر اور چیف فنانشل آفیسر/کمپنی سیکرٹری کو مشترکہ طور پر مندرجہ بالا قراردادوں پر عملدرآمد/موثر بنانے کے لیے تمام اقدامات/کارروائیاں ضروری امور اور معاملات جو ضروری یا ہنگامی طور پر اور/یا حسب بالا کمپنی کے فنڈز سے سرمایہ کاری کیلئے لازمی ہوں اور جب اور جس وقت سرمایہ کاری کرنی ہو لیکن گفت وشنید تک محدود نہ ہو اور ضروری معاہدے طے کرنے اور قانونی دستاویزات کی تیاری کا اختیار دیا جاتا ہے

دیگر امور

7. چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت خصوصی امور پر مبنی ایک بیانیہ نوٹس ہذا کے ہمراہ حصص یافتگان کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

کراچی: 7 اکتوبر 2020

بحکم بورڈ
منظور رضا
کمپنی سیکریٹری

نوٹ:

1. کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 22 اکتوبر 2020 تا 28 اکتوبر 2020 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے دفتر واقع سی ڈی سی ہاؤس، 99بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں بدھ 21 اکتوبر 2020 کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت رائے دہی اور نقد منافع منقسمہ کی اہلیت کے تعین کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔
2. اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا/کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لیے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا/ کرسکتی ہے جسے ممبر کی طرح تمام حقوق حاصل ہوں گے۔
3. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 ریفرنس نمبر 3 (5اے) متفرق اے آر او/ایل ای ایس/ 96 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج ہدایات سمیت طریقہ کار:
   (i) ممبران، پراکسیوں یا نامزد افراد کو اپنی شناخت کے لیے اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا اور اپنا فولیو نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔
   (ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور نامزد فرد کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنے ہوں گے۔
   (iii) مؤثر العمل ہونے کے لیے، پروکسی فارم دستخط اور مہر شدہ اور دو گواہوں کے نام، پتہ، قومی شناختی کارڈ نمبر اور دستخط کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ہمارے رجسٹرار کے دفتر پر موصول ہو جانے چاہئیں۔
   (iv) انفرادی صورت میں بینیفیشل آنرز اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنی ہوں گی۔
   (v) کارپوریٹ ادارے کے پروکسی ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پروکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانی ہوگی۔
4. ممبران سے درخواست ہے کہ پتے میں کسی قسم کی تبدیلی سے تحریری طور پر رجسٹرار کے دفتر کو فوری مطلع کریں اور اپنے سی این آئی سی کی کاپی فوری طور پر فراہم کریں۔
5. **سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت**

وبائی صورتحال کے باعث ایس ای سی پی نے کمپنیوں کو حصص یافتگان اور عوام کے تحفظ کیلئے معمول کے مطابق اجلاس عام کے انعقاد میں تبدیلی کی ہدایات جاری کی ہیں لہٰذا کمپنی سالانہ اجلاس عام ہذا میں حصص یافتگان کی سہولت اور تحفظ چاہتی ہے اور کورم کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ممبران سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ اجلاس ہذا میں پروکسیز کے ذریعہ شرکت کریں۔ لہٰذا کمپنی نے یہ بندوبست بھی کیا ہے کہ تمام شرکا بشمول شیئر ہولڈرز وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس ہذا میں شرکت کریں۔ آن لائن شرکت کے متمنی ممبران سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل کوائف اور سی این آئی سی کی (دونوں اطراف) کاپی کے ہمراہ corporate.affairs@arifhabibcorp.com پر بذریعہ ای میل برائے ''رجسٹریشن اے جی ایم سی ایل۔ اے جی ایم 2020'' کے عنوان سے اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل رجسٹریشن کرالیں۔

شیئر ہولڈر کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو نمبر/سی ڈی سی/اکاؤنٹ نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

اے جی ایم میں شرکت کیلئے وڈیو لنک صرف ان ممبران کو فراہم کیا جائیگا جن کے تمام مطلوبہ درست کوائف پر مشتمل ای میل corporate.affairs@arifhabibcorp.com پر موصول ہوگی۔ حصص یافتگان مذکورہ ای میل ایڈریس اور واٹس اپ نمبر 0311-2706624 پر اپنی ایجنڈہ آئیٹمز کیلئے رائے اور سوالات بھی ارسال کر سکتے ہیں۔

اہم نوٹ

نقد منافع منقسمہ کی بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار ادائیگی (لازمی)

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 کے تحت لسٹیڈ کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے اہل حصص یافتگان کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقہ کار سے براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں منتقلی سے کریں۔

متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست نقد منافع منقسمہ کی منتقلی کے لیے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی ویب سائٹ پر دستیاب الیکٹرانک موڈ ڈیویڈنڈ فارم مکمل تفصیلات اور آئی بی اے این سی این آئی سی کی کاپی کے ہمراہ دستخط کر کے فزیکل شیئرز کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو ارسال کر دیں جبکہ بک انٹری سیکیورٹیز کی صورت میں شیئر ہولڈرز کو متعلقہ ریکارڈز بشمول آئی بی اے این الیکٹرانک موڈ ڈیویڈنڈ فارم کے مطابق اپنے بروکر/شریک/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو پیش کر دیں۔

ممبران کے تازہ بینک اکاؤنٹ تفصیلات اور/یا آئی بی اے این کی عدم موجودگی میں کمپنی متعلقہ معلومات تفصیلات کی فراہمی تک منافع منقسمہ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

منافع منقسمہ پر ود ہولڈنگ ٹیکس

حکومت پاکستان نے بذریعہ فنانس ایکٹ مجریہ 2020 میں انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001 کی دفعہ 150 کے تحت محصولات کی شرح میں ترمیمات کی ہیں جس میں کمپنیوں کی جانب سے منافع منقسمہ کی ادائیگی پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی مختلف شرح مقرر کی گئی ہے۔ ٹیکس کی شرح حسب ذیل ہے:

برائے فائلرز (جن کے نام اے ٹی ایل میں درج ہیں) 15%

برائے نان فائلرز (جن کے نام اے ٹی ایل میں درج ہیں) 30%

حصص یافتگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کی تیقین دہانی کر لیں کہ ان کے (اور/یا ان کے جوائنٹ ہولڈرز) نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کی گئی تازہ اے ٹی ایل فہرست میں درج ہیں بصورت دیگر انہیں (اور/یا ان کے جوائنٹ ہولڈرز کو) نان فائلرز سمجھا جائیگا اور ان کی نقد منافع منقسمہ کی آمدنی پر پندرہ فیصد کی بجائے تیس فیصد کی شرح سے ٹیکس منہا کیا جائیگا۔

جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں ڈیویڈنڈ پر ود ہولڈنگ ٹیکس

کمپنی جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں حصص یافتی کے تناسب کے تعین کے لیے ہدایات پر عمل کرنے کے لیے تمام شیئر ہولڈرز سے جو جوائنٹ شیئر ہولڈر ہیں درخواست کرتی ہے کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے شیئرز کے تناسب سے تحریر طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو حسب ذیل مطلع کریں۔

فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	کل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ ہولڈر	
		نام وسی این آئی سی نمبر	حصص کا تناسب (فیصد)	نام وسی این آئی سی نمبر	حصص کا تناسب (فیصد)

نوٹ: متعلقہ معلومات کی 21 اکتوبر 2020 تک عدم فراہمی کی صورت میں سمجھا جائے گا کہ تمام حصص یافتگان مساوی شیئرز کے حامل ہیں اور ٹیکس اسی اعتبار سے منہا کر لیا جائے گا۔

غیر دعوی شدہ منافع منقسمہ

جو حصص یافتگان کسی سبب اپنا گذشتہ منافع منقسمہ طلب نہ کر سکے ہوں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعوی شدہ منافع منقسمہ کی معلومات/وصولی کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99۔بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی سے رابطہ کریں۔ تین سال سے زائد عرصہ سے غیر دعوی شدہ منافع منقسمہ کی تفصیلات کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

شناختی تفصیلات کی فراہمی کیلئے حصص یافتگان کو نوٹس

وہ انفرادی ممبران جنہوں نے کمپنی/شیئر رجسٹرار کو اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی فوٹو کاپی ابھی تک جمع نہیں کرائی ہے ان سے ایک مرتبہ پھر درخواست کی جاتی ہے کہ فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو فراہم کر دیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ اپنا قومی ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔ CNIC/NTN کے ساتھ اپنے فولیو نمبر کی تفصیلات بھی فراہم کریں۔ درست CNIC کی نقل موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی SECP کی متعلقہ ہدایات پر عمل نہیں کر پائے گی اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 243(2)(a) کے تحت ایسے حصص یافتگان، اگر کوئی ہوں تو، ان کے منافع منقسمہ کی ادائیگی کو روکنے کی پابند ہوگی۔ ممبران سے یہ بھی درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے بروکر/شریک کار/CDC اکاؤنٹ سروسز کو اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات بشمول فون نمبر اور ای میل ایڈریس فراہم کر دیں تاکہ کمپنی ان کے ذریعے خط و کتابت اور مستقبل میں متوقع (اگر ضرورت پڑے تو) آئینی ضروریات کو پورا کر سکے۔

کارپوریٹ اداروں/قانونی افراد کی توجہ SECP کے سرکلر نمبر 16 کی جانب مبذول کی جاتی ہے۔ متعلقہ حصص یافتگان (کارپوریٹ اداروں/قانونی افراد) کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ حقیقی مالکان سے متعلق معلومات اور/یا دیگر معلومات جن کی وضاحت SECP کے سرکلر میں دی گئی ہو انہیں کمپنی کے رجسٹرار کو فراہم کر دیں۔

سی این آئی سی/پاسپورٹ/این ٹی این/استثنیٰ/زکواۃ ڈیکلریشن

حصص یافتگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ کسی استثنیٰ کے لیے اپنے پاسپورٹ/این ٹی این/سی این آئی سی/ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹس (جہاں ضروری ہو) اور زکواۃ و عشر آرڈیننس مجریہ 1980ء (برائے زکواۃ استثنیٰ) متعلقہ شریک/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کمپنی/شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں۔

ای ووٹنگ

ممبران کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 143-145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز مجریہ 2018 کی مروجہ شقوں کے تحت رائے شماری کے مطالبہ کا حق بروئے کار لا سکتے ہیں۔

وڈیو لنک سہولت کی فراہمی

حصص یافتگان اجلاس ہذا میں بذریعہ وڈیو لنک سہولت شریک ہو سکتے ہیں۔ کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات (7) روز قبل کسی دوسرے شہر میں مقیم دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز کی جانب سے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی درخواست موصول ہونے کی صورت میں کمپنی متعلقہ مقام پر وڈیو لنک سہولت کا اہتمام کریگی۔

بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے متمنی شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ''وڈیو لنک فیسیلٹی فارم'' پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کر دیں۔ واضح ہو کہ ممبر یا پروکسی کے علاوہ کوئی فرد وڈیو لنک کانفرس میں شرکت کا اہل نہیں ہوگا۔

سالانہ رپورٹ کی تقسیم

30 جون 2020 کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی آڈٹ شدہ مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.arifhabibcorp.com پر دستیاب ہیں مزید براں گزشتہ سالوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالی گوشوارے بھی ویب سائٹ پر جاری کر دیے گئے ہیں۔

مزید برآں آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ SRO 470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016 کے ذریعے SECP نے کمپنیوں کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اپنے ممبران کو کاغذی نقول کے بجائے بذریعہ CD/DVD/USB ان کے رجسٹرڈ پتوں پر بھیجنے کی اجازت دی ہے بشرطیکہ حصص یافتگان رضامند ہوں اور دیگر شرائط کی پاسداری کی جائے، کمپنی نے اپنے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 21 ستمبر 2016 میں حصص یافتگان سے اس کی منظوری حاصل کر لی تھی۔ لہٰذا کمپنی کی سالانہ رپورٹ برائے اختتامی سال 30 جون 2020 کو حصص یافتگان کو بذریعہ CD بھیجا جا رہا ہے۔ تاہم اس کے علاوہ اگر کوئی حصص یافتہ، آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی کاغذی نقول کی درخواست کرتا ہے تو درخواست کی وصولی کے سات دن کے اندر بلا معاوضہ فراہم کر دی جائیگی۔ حصص یافتگان کی سہولت کیلئے ''ایک معیاری درخواست فارم'' برائے فراہمی سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بھی کمپنی کی ویب سائٹ (http://arifhabibcorp.com/contact.php) پر دستیاب ہے۔

فزیکل شیئرز سی ڈی سی اکاؤنٹس میں جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفع 72 کے تحت ہر موجودہ کمپنی کو SECP کی اعلان کردہ تاریخ سے کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے نفاذ یعنی 30 مئی 2017 سے مقررہ مدت جو کہ سال سے زائد نہ ہو کے اندر فزیکل شیئرز کو مقررہ انداز میں بک انٹری فارم میں جمع کرانا ہوگا۔ فزیکل شیئرز کے حامل حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ کسی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ یا براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ انویسٹر اکاؤنٹ کھول لیں تاکہ فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس صورت میں رکھ سکیں۔